# 33818 ـ چاند نظرآنے کےبعد جب کوئي اپنے بال مونڈے تواس کایہ کام غلط ہے لیکن اس کی قربانی صحیح ہے

**سوال**

جب اس نے ذی الحجہ کا مہینہ شروع ہونے کےبعد اپنے بال مونڈ لیے توکیا اس کی قربانی صحیح اورقبول ہوگي اس نے قربانی کی بھی نیت کررکھی تھی ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتےہیں :

جی ہاں اس کی قربانی مقبول ہوگي لیکن وہ گنہگار ہوگا ، لیکن عام لوگوں میں جویہ مشہور ہوچکا ہے کہ جس نے بھی عشرہ ذی الحجہ میں اپنے بال یا ناخن وغیرہ کاٹ لیے اس کی قربانی ہی نہیں ہوتی یہ بات صحیح نہیں ، کیونکہ ان تینوں اورقربانی کے صحیح ہونے میں کوئي تعلق ہی نہیں پایا جاتا ۔ اھـ دیکھیں الشرح الممتع لابن عثیمین رحمہ اللہ ( 7 / 533 ) ۔

واللہ اعلم .